الحکم للہ والملک للہ

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ رجب سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۸ مئی سنہ ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت علیحدگی شرط ادائے لگان واحد۔	۱
۲	اضافہ ممتاز بہادر خان محرر پرچہ اخبار۔	۲
۳	نسبت روانگی اسناد از تحصیلات۔	״
۴	ہدایت چک رسیدات کاغذ معدوم شدہ۔	״
۵	رخصت تحصیلدار صاحب سوار۔	۳
۶	رخصت محافظ دفتر دیوانی۔	״
۷	اعلان مطبع ریاست۔	״
۸	نرخنامہ اجناس وغیرہ۔	ضمیمہ

روبکار اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

سابق میں کمیٹی سکرٹری صاحبان سے یہ تجویز ہو کر بدولت و اقبال کے حضور میں پیش ہوئی تھی کہ دفعہ (۵) دستور عادیہ میں سے شرط ادائے لگان واحد برائے آئندہ علیحدہ کر دی جائے۔ اسکو منظور کر کے برائے ترمیم قانون ضروری صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کو ہدایت کر دی گئی تھی حکم رقمزدہ ۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۵ء سے صرف اس تجویز کا اعلان عام اور

...صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کو ہدایت ترتیب مسودہ ترمیم کیا جانا مقصود تھا لیکن اُسکی عبارت ایسی ہی جس سے غلط فہمی پیدا ہونے کا اندیشہ ہی لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ۲۲ دسمبر ۱۹۱۵ء منسوخ ہوا اور بجائے اُسکے برائے اعلان وغیرہ حکم ہذا جاری کیا جاتا ہی۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

ملخص حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
اضافہ
۲۶ اپریل ۱۹۱۶ء

ثبتہ و صنداشت صاحب سپرنٹنڈنٹ چھاپہ اخبار دس روپیہ ماہوار اضافہ ممتاز بہادر خاں محرر پرچہ اخبار کی تنخواہ میں بوجہ محنت و دیانت منظور فرمائی گئی

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۸ اپریل ۱۹۱۶ء

ثبتہ رپورٹ محافظ دفتر صدر بابت عدم وصول اسناد از تحصیل شاہ آباد جو بتاریخ ۲۶ مارچ و ۴ اپریل و ۱۵ اپریل ۱۹۱۶ء حسب ضابطہ تحصیل شاہ آباد سے بنابر بھیجے جانے نقول طلب کی گئی تھیں۔

احکام عام بنام تحصیلات جاری ہوں۔ کہ دوسرے روز پہونچنے حکم صدر سے اسناد مطلوبہ بھیجدی جایا کریں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲ مئی ۱۹۱۶ء

ایک کاغذ کے متعلق تحصیل سوار سے اجلاس کی روانگی تحریر کی گئی۔ اہلمد اجلاس نے کاغذ کے پہنچنے سے انکار کیا۔ اصل مثل متعلقہ پر تاج مفصل حکم جاری کیا گیا ہی۔ اس سلسلہ میں چک رسیدات جو ملاحظہ کی گئیں تو نئے متعلق ہدایت جاری ہونے کی ضرورت ہی تاکہ آئندہ اس قسم کے جھگڑے پیش نہ آویں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

تحصیلات سے چک رسید میں آئندہ جو کاغذات درج ہوکر صدر کو آیا کریں تو محرر مال آخیر میں جہاں دستخط کرتا ہی۔ وہاں لفظوں میں تعداد کاغذات لکھ لیا کرے کہ اسقدر کل کاغذات درج ہوکر بھیجے جاتے ہیں نمونہ چک رسید بطور نظیر شامل کیا جاتا ہی۔ صدر میں چک رسید آمدہ تحصیل جس اہلمد کے پاس پہلے پہونچے اُس کا یہ کام ہی خواہ اُس کی مد کے کل کاغذ ہوں۔ لیکن وہ چک رسید کا کاغذات مندرجہ کی تعداد سے میلان کرے کہ جسقدر کاغذات لکھے ہیں اُسیقدر ہیں کمی بیشی تو نہیں ہے بحالت کمی بیشی کاغذات مخصوصہ کی رسید دیکر تصحیح کے واسطے ذریعہ سررشتہ دار صاحب صدر چک رسید واپس جانا چاہیے۔ تحصیلداران یا نائب تحصیلدار کی بعد معائنہ ہفتہ میں ایک مرتبہ تین ماہ تک رپورٹ اطلاعی بھیجتے رہیں کہ اس حکم کے موافق چک رسیدات میں کاغذات کا اندراج ہوکر روانہ کی جاتی ہیں جیسے سررشتہ دار صاحب صدر یا نائب سررشتہ دار بعد معائنہ ہفتہ وار رپورٹ اطلاعی تین ماہ تک بھیجتے رہیں۔ کہ حسب صراحت حکم ہذا تعمیل کیجاری ہی۔ بنام جمیع تحصیلداران بنابر تعمیل احکام جاری ہوں ہمراہ پروانہ کے نقل نمونہ چک رسید کی بھی تحصیلات کو بھیجی جاوے۔

ایک نقل روبکار ہذا سررشتہ دار صاحب صدر کے پاس مرسل ہو۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ملخص حکم صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۳ر مئی سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت یک ہفتہ تحصیلدار صاحب سوار بغرض جانے اجمیر شریف ۲ر مئی سنہ ۱۹۱۶ء سے ۱۱ر تک منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں نائب تحصیلدار معمولی و ضروری کام کرینگے۔

ملخص حکم صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۳ر مئی سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش مفتی صاحب عدالت دیوانی رخصت دس یوم منشی محمد حسن محافظ دفتر دیوانی کی ۲ر مئی سنہ ۱۹۱۶ء سے بذمہ داری کام نائب محافظ دفتر دیوانی منظور کی گئی۔

نمونہ چیک رسید تحصیل　　علاقہ ریاست ٹپو باہلا

نمبر	نام کاغذ مع چیک	تاریخ روانگی	تعداد قطعات	کیفیت
۱	کاغذ ... عہ	۲۳ر اپریل	[illegible] قطعہ	
۲	کاغذ ... عہ	"	عہ قطعہ	
۳	کاغذ ... عہ	"	[illegible] قطعہ	
۴	کاغذ ... عہ	"	[illegible] قطعہ	
۵	کاغذ ... عہ	"	عہ قطعہ	

پانچ کاغذ اس چیک رسید میں درج ہیں۔ دستخط محرر مال

اعلان مطبع سرکار ابد قرار

کتاب مصباح الظلم چھپکر تیار ہو گئی اب مطبع کو کوئی امر مانع تعمیل دیگر فرمائشات کا نہیں رہا لہذا جملہ دفاتر و صیغہ جات سرکاری دیگر مطابع میں فرمائشات طبع کرانے کی زحمت نہ گوارہ کریں۔ حسب منشاء احکام حضور معلی دام اقبالہم فرمائشات سرکاری مطبع میں طبع کے واسطے آنی چاہئیں۔ تعمیل بدستور ہوا کرے گی۔

مطبوعہ پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۳۰ اپریل لغایت ۶ مئی ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ ار		۱۱ ار	۱۰ ار		۱۰ ار	
نخود خالص	[illegible]		۰۱۲ ار	۰۱۲ ار		۱۲ ار	
نخود کس آمیز	۱۲ ار		۱۳ ار	۱۳ ار		۱۳ ار	
کسی	۰		۰۱۳ ار	۱۳ ار		۰۱۳ ار	
ماش	۸ ار		۰۷ ار	۰۷ ار		[illegible]	
مونگ	۸ ار		۰۷ ار	-		۰۷ ار	
مکا	۱۶ ار	۰	۱۵ ار	۰۱۷ ار		۱۷ ار	
جئی	۱۳ ار		۱۴ ار	۱۵ ار		۱۴ ار	
گوجئی	۰		۱۲ ار	۰۱۲ ار		۱۲ ار	
عدس	۰۵ ار		۱۰ ار	۹ ار		۱۰ ار	
ارہر	۱۱ ار		۱۱ ار	۰		۱۱ ار	
برنج	۶ ار		۰۶ ار	۰۶ ار		[illegible]	
روغن زرد	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]		۰۲ ار	[illegible]		۰۲ ار	
روغن کنجد	[illegible]		۲ ار	۰۱ ار		[illegible]	
نمک سانبھر	۱۱ ار		۱۴ ار	۱۲ ار		۱۳ ار	
نمک لاہوری	۸ ار		۱۱ ار	۸ ار		۱۴ ار	
قند سیاہ	۰۵ ار		۵ ار	۵ ار		۶ ار	
باجرہ	۱۱ ار		۱۲ ار	۰		۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور